نمبر ۱۰ — جلد ۴۰

RAMPUR STATE GAZETTE — رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ رمضان المبارک سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۵ مارچ سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ منشی قطب الحسن اہلمد صدر	۱
۲	عطائے اختیارات صاحب چیف میڈیکل افسر۔	۲
۳	اضافہ منظور حسین معاون اہلمد۔	
۴	رخصت اہلکار فوجداری ضلع۔	
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۰ فروری سنہ ۱۹۲۸ء

دربارہ اضافہ پانچروپیہ بہ تنخواہ موجودہ صہ منشی قطب الحسن مامورہ صدر بہ تنزول حسب سفارش سٹر راس مسعود صاحب و منشی عرضداشت نظام الدین حسین نظامی آنریری ذوالقرنین ہمایون۔ و رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر معتمد و حاکم صاحب صدر معتمد حسن انجام دہی کار متعلقہ۔

حکم

قطب الحسن اہلمد صدر کی تنخواہ موجودہ صہ مین پانچروپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

عطائے اختیارات

۲۰ فروری سنہ ۱۹۲۸ء

صاحب چیف میڈیکل افسر کو سات روپیہ تک تنخواہ پانے والے ملازمان شفاخانہ کی برخاستگی کے اختیارات عطا ہوئے تھے اب وہ ملازمان نو روپیہ تنخواہ پاتے ہین۔ لہذا ایسے نو روپیہ تنخواہ تک کے ملازمان کی برخاستگی کے اختیارات صاحب چیف میڈیکل افسر کو دئے جاتے ہین۔ کاغذات بغرض اجرا احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون اجرا احکام کے لئے صدر کو مرسل ہو۔ ۲۰ فروری سنہ ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

یکم مارچ ۱۹۲۸ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر در بارہ اضافہ تنخواہ منظور حسین معاون المدرشاد آباد بقدر یک روپیہ مشاہرہ دار ہے

حکم

حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر ایک روپیہ اضافہ دیا جانا منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ فروری ۱۹۲۸ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف مجسٹریٹ ضلع در بارہ منظوری رخصت اٹھارہ یوم منشی گیندن لال ناظر عدالت فوجداری من ابتدا ۳ مارچ سنہ حال بذمہ داری مرزا رشید حسن بیگ معاون -

حکم

حسب رائے صاحب چیف مجسٹریٹ رخصت ناظر فوجداری ضلع اٹھارہ یوم کی بذمہ داری رشید حسن بیگ معاون منظور ہے - کام کی نگرانی رکھی جائے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپ کر شائع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ اول من ابتدا مارچ ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶-۷ /ر، ۸ /ر، ۷-۶ /ر	۸ /ر	۷-۶ /ر	-	-	۹ /ر	
نخود خالص	۷ /ر	۷ /ر	۷-۶ /ر	-	-	۹ /ر	
نخود کم آمیز	۷ /ر	۷ /ر	۹ /ر	-	-	۹-۶ /ر	
کر	۵ /ر	-	۵ /ر	-	-	۹ /ر	
ماش	۶ /ر	۶ /ر	۶ /ر	-	-	[illegible]	
مونگ	۵ /ر	۷ /ر	۹ /ر	-	-	[illegible]	
مکا	۱۰-۶ /ر، ۱۰ /ر	۱۰ /ر	۱۰ /ر	-	-	۱۱ /ر	
جئی	۱۲-۶ /ر	-	-	-	-	۱۱ /ر	
گوجئی	۱۲-۶ /ر	-	-	-	-	۱۱ /ر	
مسور	۷ /ر	-	[illegible]	-	-	۷ /ر	
ارہر	۶ /ر	-	-	-	-	۸ /ر	
برنج	۵-۶ /ر	۶-۵ /ر	۵-۶ /ر	-	-	۳ /ر	
روغن زرد	۷-۶ چھٹانک	۵ چھٹانک	۵ چھٹانک	-		[illegible]	
روغن سیاہ	۱ /ر	۱ /ر	۱ /ر	-		۱ /ر	
روغن کنجد	۱ /ر	۱ /ر	۱ /ر	-		۱ /ر	
نمک سانبھر	۱۲ /ر	۱۲ /ر	۱۲ /ر	-	-	۱۲ /ر	
نمک لاہوری	۶ /ر	۸ /ر	۶ /ر	-	-	۸ /ر	
قند سیاہ	۷-۶، ۹ /ر	۹ /ر	۸ /ر	-	-	۱۱ /ر	
باجرہ	۹-۶ /ر	۹ /ر	-	-	-	۷ /ر	
							اگر ... [illegible]